سبق-5: چوتھا سال (مکّی دور)

کھلی تبلیغ: پہلے 3 سال آپ ﷺ خاموشی سے دعوت دیتے رہے۔ اس کے بعد آپ ﷺ کو علانیہ تبلیغ کا حکم ہوا۔ آپ نے رشتہ داروں کو دعوت دی، لیکن ابولہب نے مخالفت کی۔ صفا پر لوگوں کو بلایا، ابولہب نے مخالفت کی، اکثریت نے قبول نہیں کیا۔

قریش نے کن طریقوں سے مخالفت کی؟

قریش نے آپ ﷺ کو جادوگر قرار دیا۔ وہ آپ کی تعلیمات کو جھٹلاتے، بگاڑتے، شک پیدا کرتے، اور لوگوں کو روکتے۔

عام مسلمانوں کا مذاق اڑاتے، تحقیر کرتے، الزامات لگاتے، اور گالیاں دیتے۔

اس ماحول میں رسول اللہ ﷺ نے دعوت کا کام کرنے اور مسلمانوں کی تربیت کے لیے کہاں مرکز بنایا؟ دارِ ارقم کو

اسباق:

- گھر اور خاندان میں دین کا پیغام پھیلائیں!
- دین کی تبلیغ میں وسائل کا استعمال کریں!
- انکار پر مایوس نہ ہوں۔
- اللہ کی مدد پر یقین رکھیں!
- تمام افراد کی تربیت کے انتظام کریں!

چوتھے سال کے اہم واقعات:

- کھلی تبلیغ
- مخالفت
- دار ارقم